
علم میراث
ڈاکٹر حافظ انس نضر

# اصحاب الفرائض کے حصص اور ان کی شرائط

## ماڈیول ۸

پہلا سیٹ

۱۔ نصف $\frac{1}{2}$

۲۔ ربع $\frac{1}{4}$

۳۔ ثمن $\frac{1}{8}$

# اصحاب الفرائض

**اصحاب الفرائض:** وہ ورثا جن کے حصے کتاب و سنت میں مقرر کر دیئے گئے ہیں۔(ان میں کمی و بیشی نہیں ہو سکتی۔)

**تعداد:** یہ کل بارہ ہیں، مردوں میں سے چار اور عورتوں میں سے آٹھ

**قرآن و سنت میں مقررہ حصّے:**

| پہلا سیٹ | دوسرا سیٹ |
| --- | --- |
| ۱۔ نصف $\frac{1}{2}$ | ۴۔ ثلثان $\frac{2}{3}$ |
| ۲۔ ربع $\frac{1}{4}$ | ۵۔ ثلث $\frac{1}{3}$ |
| ۳۔ ثمن $\frac{1}{8}$ | ۶۔ سدس $\frac{1}{6}$ |

# اصحاب الفرائض کے حصص اور ان کی شرائط - اولاد کا حصہ

**بیٹی:**

**نصف:** وہ اکیلی ہو۔

**ثلثان:** بیٹیاں ایک سے زیادہ ہوں اور بیٹا (معصّب) نہ ہو (خواہ وہ ایک ماں یا باپ سے نہ بھی ہوں)

# اصحاب الفرائض کے حصص اور ان کی شرائط - اولاد کا حصہ

## پوتی:

**نصف:** جب اس سے اوپر کوئی اولاد نہ ہو، وہ اپنے درجے میں اکیلی ہو۔

**ثلثان:** جب اوپر اولاد نہ ہو، برابر کی ایک سے زیادہ پوتیاں ہوں، برابر کا پوتا نہ ہو۔

**سدس:** جب اوپر نصف لینے والی صرف ایک مؤنث اولاد ہو، برابر پوتا نہ ہو۔

# اصحاب الفرائض کے حصص اور ان کی شرائط - والدین کا حصہ

باپ:

سدس: جب میت کی اولاد (بیٹا بیٹی، پوتا پوتی) موجود ہو،(اگر مؤنث اولاد ہو تو باپ فرضی حصہ لینے کے علاوہ عصبہ بھی ہو گا)

ماں:

سدس: جب میت کی اولاد ہو یا ایک سے زیادہ بہن بھائی ہوں۔

ثلث: میت کی اولاد نہ ہو، ایک سے زیادہ بہن بھائی نہ ہوں، مسئلہ عمریہ نہ ہو۔

ثلث الباقی: جب دو عمری مسئلوں سے کوئی (یعنی ورثا: شوہر، ماں اور باپ... بیوی، ماں اور باپ) ہو۔

# اصحاب الفرائض کے حصص اور ان کی شرائط - والدین کا حصہ

## جد (دادا):

باپ یا قریبی جد کی موجودگی میں جد محروم، باپ نہ ہو تو جد باپ کے قائم مقام (سوائے چند مسائل کے)

## جدہ (نانی، دادی):

سدس: ماں یا قریبی درجے کی جدہ نہ ہو، باپ یا قریبی درجے کا جد (جو واسطہ بن رہا ہو) بھی نہ ہو۔ (غیر حنابلہ)

دُہری رشتے والی جدہ کو سدس کے دو حصے دیئے جائیں گے: جدہ 1: نانی اور دادا (یا دادی) کی ماں، جدہ 2: دادی (یا دادا) کی ماں)

# اصحاب الفرائض کے حصص اور ان کی شرائط - شوہر بیوی کا حصہ

شوہر:

نصف: جب میت (فوت شدہ بیوی) کی اولاد نہ ہو۔

ربع: جب میت کی اولاد ہو (اسی شوہر سے ہو یا کسی اور سے)

بیوی، بیویاں:

ربع: جب میت (فوت شدہ شوہر) کی اولاد نہ ہو۔

ثمن: جب میت کی اولاد ہو (خواہ کسی اور بیوی سے ہو)

# اصحاب الفرائض کے حصص اور ان کی شرائط - اخیافی بہن بھائی

## اخیافی بہن بھائی:

**سدس:** میت کلالہ ہو (وگرنہ محروم ہونگے)، وہ اکیلے ہوں۔

**ثلث:** میت کلالہ ہو، وہ زیادہ ہوں۔

# اصحاب الفرائض کے حصص اور ان کی شرائط - سگے اور علاتی بہن بھائی

بہن:

**نصف:** میت کلالہ ہو، وہ اکیلی ہو۔

**ثلثان:** میت کلالہ ہو، بہنیں ایک سے زیادہ ہوں اور بھائی (معصّب) نہ ہو۔

# اصحاب الفرائض کے حصص اور ان کی شرائط - سگے اور علاتی بہن بھائی

علاتی بہن:

**نصف:** میت کلالہ ہو، حقیقی بہن بھائی نہ ہوں، وہ اکیلی ہو۔

**ثلثان:** میت کلالہ ہو، حقیقی بہن بھائی نہ ہوں، علاتی بہنیں ایک سے زیادہ ہوں اور علاتی بھائی (معصّب) نہ ہو۔

**سدس:** نصف لینے والی حقیقی بہن ہو، علاتی بھائی نہ ہو۔